© rasailojaraid.com

در شانِ ترجمان الحدیث

—— جناب آغا صادق ——

○

حدیث سنّتِ ہادیؐ حدیث رہبرِ دیں
حدیث عُروۃ وُثقیٰ، حدیث حَبلِ متیں

حدیث مرکزِ وحدت، حدیث نقطۂ حق
حدیث منبعِ رُشد و مدارِ رائے زرّیں!

حدیث اسوۂ کامل، حدیث نطقِ رسولؐ
حدیث مصدرِ ایماں، حدیث رُوحِ یقیں

بغیر اس کے ہدایت کہاں سے آئے گی؟
کہ سِرِّ مخفیٔ قرآں کی ہے یہی تو امیں!

یہ کائنات کو درسِ حیات دیتی ہے،
یہی ہے مرشدِ اکمل، یہی ہے فتحِ مُبیں

اسی سے گر نہیں سیکھا تو کس سے سیکھو گے؟
یہی اصول، یہی لائحہ، یہی آئیں

محدثینِ گرامی کا ہم پہ احساں ہے!
کہ جن کی زندگیاں وقف ہوگئی ہیں یہیں

حدیث چھوڑ کے ملت بھٹکتی پھرتی ہے
پناہ اس کے سوا مل سکی ہمیں نہ کہیں

رسولِ پاکؐ نے کس طرح زندگی کاٹی؟
حدیث آپؐ کی ہے آپؐ ہی کا عکسِ حسیں

کلامِ پاک سے انکار ہو نہیں سکتا
مگر حدیث پہ ہوتا ہے کیوں تو چیں بہ جبیں

حدیث سے تری دوری خدا سے دوری ہے
ہوا جو اس کے قریں ہوگیا وہ حق کے قریں

جو ہے حدیث کا منکر، ہے منکرِ قرآں
کلامِ پاک ہی ایمان کا مدار نہیں!

یہ ترجماں ہے کہ احسان ہے صحافت پر
تمام اس کی مساعی ہیں موردِ تحسیں

مثالِ عقدِ ثریا ہے نظم نظم اس کی
ہر اک شذرہ کا ٹکڑا جوابِ دُرِّ ثمیں!

★

© rasailojaraid:com